www.dailyhareef.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED
صفحات 8 قیمت 20 روپے

چیف ایگزیکٹو میاں محمد مشتاق

روزنامہ
حریف
لاہور

ایڈیٹر: حفیظ الرحمن مغل

CPL No:377 ★★★★★

جلد نمبر 19 | بدھ یکم اکتوبر 2025ء، 7 ربیع الثانی 1447ھ، 17 اسوج 2082 بکرمی | شمارہ نمبر 267

# ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ، ہڈیارہ ڈرین ری وائٹلائزیشن منصوبے کا افتتاح

## ہڈیارہ ڈرین کے 500 میٹر حصے میں فلوٹنگ ویٹ لینڈز نصب، ڈیڑھ کروڑ لاگت

## واٹر ٹیسٹنگ سسٹم سے پانی کی کوالٹی کی مسلسل نگرانی کی جائے گی: ایم ڈی، پی ایم ڈی ایف سی

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی (پی ایم ڈی ایف سی)، یونیسیف، اور یونیورسٹی آف لاہور کے اشتراک سے ہڈیارہ ڈرین کے ری وائٹلائزیشن منصوبے کا افتتاح آج لاہور میں کیا گیا۔ تقریب میں سیکریٹری بلدیات میاں شکیل، ایم ڈی پی ایم ڈی ایف سی سید زاہد عزیز، چیئرمین یونیورسٹی آف لاہور، یونیسیف، ای پی اے پنجاب، اور یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ای ٹی) کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس منصوبے کے تحت ڈیڑھ کروڑ روپے کی لاگت سے ہڈیارہ ڈرین کے 500 میٹر حصے میں فلوٹنگ ویٹ لینڈز نصب کی جائیں گی، جو پانی کی قدرتی صفائی کے لیے مخصوص پودوں کا استعمال کریں گی۔ سیکریٹری بلدیات نے بتایا کہ اگلے مرحلے میں مزید 500 میٹر شامل کیا جائے گا، اور مستقبل میں اسے 10 کلومیٹر تک وسعت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا، "یہ منصوبہ پانی کی قدرتی صفائی کا جدید اور ماحول دوست حل ہے، جو بدبو کے خاتمے اور ماحولیاتی نظام کی بہتری کو یقینی بنائے گا۔" نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف بائیو ٹیکنالوجی اینڈ جینیٹک انجینئرنگ (این آئی بی جی ای) کے ڈاکٹر افضل نے فلوٹنگ ویٹ لینڈز کی تنصیب اور کام کے طریقہ کار پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ پودے نہ صرف پانی کو صاف کریں گے بلکہ زیرزمین واٹر ٹیبل کی کوالٹی کو بھی بہتر بنائیں گے۔ ایم ڈی پی ایم ڈی ایف سی سید زاہد عزیز نے کہا، "پی ایم ڈی ایف سی نے ماضی میں بھی پانی کی قدرتی صفائی کے منصوبے کامیابی سے مکمل کیے ہیں



لاہور، سیکرٹری بلدیات، ایم ڈی پی ایم ڈی ایف سی، یونیسیف، چیئرمین یونیورسٹی آف لاہور کو ڈاکٹر افضل ہڈیارہ ڈرین ری وائٹلائزیشن منصوبے کے افتتاح پر بریفنگ دیتے ہوئے

ABC Certified
# Daily Notable
Wednesday, Oct 01 2025 | 07 Rabi ul Sani 1447 | Rs 10 | Pages 4 | Registered | CPL No. 401 | Volume: VI | Issue No. 243 | Lahore
www.thedailynotable.com | Dailynotable@gmail.com | Founder, Editor Attaul Wadood | NE. A. M. Zeeshan | Editor In Chief R. Arooj | www.facebook.com/Daily-Notable | www.twitter.com/NotableDaily

# Installation of Floating Wet Lands, Hudyara Drain Revitalization Project Inaugurated

*Floating Wetlands to Be Installed in 500 Meters of Hudyara Drain at a Cost of 1.5 Crore Rupees: Secretary Local Government-Water Quality to Be Continuously Monitored with Advanced Water Testing System: MD, PMDFC*




Lahore : (A) Inauguration of the Hudyara Drain Revitalization Project in Lahore




Lahore : (A) Inauguration of the Hudyara Drain Revitalization Project in Lahore

By our correspondent

Lahore: According to the sources of Daily Notable, -Shakeel Ahmad Mian, Secretary, LG&CD Department, Syed Zahid Aziz, MD, Punjab Municipal Development Fund Company (PMDFC), in collaboration with UNICEF and the University of Lahore, inaugurated the Hudyara Drain Revitalization Project in Lahore today. The ceremony was also attended by representatives from UNICEF, EPA Punjab, and the University of Engineering and Technology (UET). Under this project, floating wetlands will be installed in a 500-meter section of Hudyara Drain at a cost of 14.6 million rupees, utilizing specific plants for natural water purification. The Secretary Local Government stated that an additional 500 meters will be included in the next phase, with plans to extend the project to 10 kilometers in the future. He said, "This project is a modern, eco-friendly solution for natural water purification, ensuring odor elimination and environmental improvement." Dr. Afzal from the National Institute of Biotechnology and Genetic Engineering (NIBGE) presented a detailed briefing on the installation and functioning of floating wetlands. He explained that these plants will not only purify water but also improve the quality of the underground water table. PMDFC MD Syed Zahid Aziz remarked, "PMDFC has previously completed floating wetlands projects successfully, and this project is another milestone in that journey. An advanced digital water testing system will continuously monitor water quality, ensuring the project's transparency and success." Representatives from UNICEF and EPA Punjab praised the project's environmental significance, declaring it a role model for other drains in Punjab. The project will not only reduce water pollution but also significantly enhance the environmental ecosystem and groundwater quality. -PUNA

چیف ایڈیٹر: محسن نقوی
گروپ ایڈیٹر: نوید چوہدری

DAILY 42 LAHORE

ABC Certified

UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184

جلد نمبر: 14 | بدھ یکم اکتوبر 2025ء، 7 ربیع الثانی 1447ھ، 17 اسوج 2082ب، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ: 1



سیکرٹری بلدیات، یونیسف، چیئرمین یونیورسٹی آف لاہور اور ایس رؤف کو ڈاکٹر افضل ہڈیارہ ڈرین ری وائٹلائزیشن منصوبے کے افتتاح پر بریفنگ دے رہے ہیں

# ہڈیارہ ڈرین کے ری وائٹلائزیشن منصوبے کا افتتاح

## منصوبے کے تحت ڈیڑھ کروڑ روپے کی لاگت سے ہڈیارہ ڈرین کے 500 میٹر حصے میں فلوٹنگ ویٹ لینڈز نصب ہوں گی

## اگلے مرحلے میں مزید 500 میٹر شامل کیا جائے گا، مستقبل میں اسے 10 کلومیٹر تک وسعت دی جائے گی، سیکرٹری بلدیات

لوئر مال (درنایاب) مخصوص پودوں سے ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ، ہڈیارہ ڈرین ری وائٹلائزیشن منصوبے کا افتتاح۔ ڈیڑھ کروڑ کی لاگت سے 500 میٹر ڈرین میں پانی کی صفائی کیلئے ویٹ لینڈز بنائی جائیں گی۔ پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی، یونیسف اور یونیورسٹی آف لاہور کے اشتراک سے ہڈیارہ ڈرین کے ری وائٹلائزیشن منصوبے کا افتتاح کیا گیا۔ تقریب میں سیکرٹری بلدیات میاں شکیل، ایم ڈی پی ایم ڈی ایف سی سید زاہد عزیز شریک ہوئے۔ چیئرمین یونیورسٹی آف لاہور، یونیسف، ای پی اے پنجاب اور یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ منصوبے کے تحت ڈیڑھ کروڑ روپے کی لاگت سے ہڈیارہ ڈرین کے 500 میٹر حصے میں فلوٹنگ ویٹ لینڈز نصب کی جائیں گی۔ سیکرٹری بلدیات نے بتایا اگلے مرحلے میں مزید 500 میٹر شامل کیا جائے گا۔ مستقبل میں اسے 10 کلومیٹر تک وسعت دی جائے گی۔ ایم ڈی پی ایم ڈی ایف سی سید زاہد عزیز کا کہنا تھا جدید ڈیجیٹل واٹر ٹیسٹنگ سسٹم سے پانی کی کوالٹی کی مسلسل نگرانی کی جائے گی۔ یونیسف اور ای پی اے پنجاب کے نمائندوں نے منصوبے کی ماحولیاتی اہمیت کو سراہا اور رول ماڈل قرار دیا۔ 23

www.express.com.pk

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس لاہور

WEDNESDAY, OCTOBER 1, 2025

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 25 شمارہ 210 | بدھ، 7 ربیع الثانی، یکم اکتوبر 2025ء، 16 اسوج، صفحات 12 قیمت 40 روپے



وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# 200 شہروں میں مرحلہ وار سیوریج سسٹم، زیر زمین واٹر ٹینک بنانے کا فیصلہ

## سٹریٹ لائٹس، پارکوں کی بحالی

پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے میں اٹک، لیہ، کاموںکی، ڈسکہ، خانیوال، وہاڑی، وزیر آباد، بہاو لنگر اور خوشاب میں کام شروع ہوگا

تمام کچی گلیاں پختہ کی جائیں گی: وزیر بلدیات ذیشان رفیق، صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں 28 ارب کے فنڈز منظور

لاہور (ایکسپریس رپورٹر، اپنے سٹاف رپورٹر سے) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں اجلاس ہوا جس میں پنجاب کے 9 شہروں میں سکیموں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، پراجیکٹ ڈائریکٹر بریگیڈیئر اسد محمود نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام میں پیشرفت پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری آسیہ گ ُل، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بورڈ رضوان نصیر، ایڈیشنل سیکرٹری احمر کیفی اور پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی کے ایم ڈی سید زاہد عزیز نے بھی شرکت کی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی پی کے پہلے مرحلے میں اٹک، لیہ، کاموںکی، ڈسکہ، خانیوال، وہاڑی، وزیر آباد، بہاو لنگر اور خوشاب ب میں کام شروع ہوگا، لاہور کے سوا 9 ڈویژنز کے شہروں میں ترقیاتی سکیمیں مکمل کی جائیں گی۔ لاہور میں پہلے ہی ڈویلپمنٹ پروگرام تکمیل کی جانب بڑھ رہا ہے۔ مرحلہ وار 200 شہروں میں سیوریج سسٹم اور زیر زمین واٹر ٹینک بنائے جائیں گے، اندرونی سڑکوں کی مرمت ہوگی جبکہ تمام کچی گلیاں پختہ کی جائیں گی۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ سٹریٹ لائٹس اور پارکوں کی بحالی بھی اس پروگرام کا حصہ ہے۔ بارانی پانی کے موثر نکاس کیلئے ڈسپوزل سٹیشنز کی صلاحیت بڑھائی جائے گی۔ اس کے علاوہ تمام ڈسپوزل سٹیشنوں کی سولرائزیشن کی جائے گی۔، سیوریج واٹر کی محفوظ ٹریٹمنٹ کیلئے جدید پلانٹس لگائے جا رہے ہیں۔ سیوریج واٹر کے محفوظ نکاس کیلئے بائی پاس سسٹم متعارف کرایا جائے گا۔ وزیر بلدیات نے پراجیکٹ ڈائریکٹر کو ٹینڈرنگ کا عمل اکتوبر میں مکمل کرنے، سپیشل سیکرٹری کو ٹیکنیکل سٹاف کی متعلقہ شہروں میں جلد تقرر کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر اور میونسپل چیف آفیسر سے لازمی مشاورت کی جائے۔ انشااللہ پی ڈی پی کا پہلا مرحلہ 18 سے 24 ماہ کے اندر مکمل ہو جائے گا۔ دریں اثنا پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2025-26 کے صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی کے 34 ویں اجلاس میں مختلف سیکٹرز کی ترقیاتی سکیموں کے لئے 28 ارب روپے کے فنڈز کی منظوری دے دی۔